## گولڈمیڈل حاصل کرنے والے کھلاڑیوں نے دنیا بھر میں ملک وقوم کے سرفخر سے بلند کردیئے ہیں، الطاف حسین
## اگر کھیل کے ہر شعبہ میں پسند ناپسند کے بجائے خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر کھلاڑیوں کا چناؤ
## کیا جائے تو پاکستانی کھلاڑی دنیا بھر میں ملک وقوم کا نام روشن کرسکتے ہیں
## گولڈمیڈل حاصل کرنے والے تمام کھلاڑیوں کی بھرپور پذیرائی کی جائے، الطاف حسین کا مطالبہ

لندن۔۔۔13، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بنگلہ دیش میں منعقدہ گیارہویں ساؤتھ ایشین گیمز میں گولڈمیڈل حاصل کرنے والے کھلاڑیوں نے دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کرکے قوم کے سرفخر سے بلند کردیئے ہیں اور ساؤتھ ایشین گیمز میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے تمام کھلاڑی زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے گولڈمیڈل حاصل کرنے والے 19 کھلاڑیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کے تمام اہل خانہ اور ملک بھر کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ ساؤتھ ایشین گیمز میں گولڈمیڈل حاصل کرنے والے تمام کھلاڑی پاکستانی قوم کا فخر ہیں اور تمام کھلاڑیوں نے ایشین گیمز میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرکے ثابت کردیا ہے کہ پاکستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اور پاکستانی کھلاڑی ہر شعبہ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرسکتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اگر کھیل کے ہر شعبہ میں پسند ناپسند کے بجائے خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر کھلاڑیوں کا چناؤ کیا جائے، غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کو بھی بھرپور مواقع فراہم کئے جائیں اور تعصب سے بالاتر ہوکر فیصلہ کئے جائیں تو پاکستانی کھلاڑی دنیا بھر میں ملک وقوم کا نام روشن کرسکتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے وفاقی وصوبائی حکومتوں سے مطالبہ کیا کہ ساؤتھ ایشین گیمز میں گولڈمیڈل حاصل کرنے والے تمام کھلاڑیوں کی بھرپور پذیرائی کی جائے، انہیں معاشی مسائل سے نجات دلا کر بہترین تربیت اور کوچنگ فراہم کی جائے اور دنیا بھر میں پاکستان اور قوم کا نام روشن کرنے والے کھلاڑیوں کو ہر سطح پر سراہا جائے۔

## ''میڈیسن بینک'' کے قیام کے منصوبے پر ممتاز اینکر اور سینئر صحافی مبشر لقمان اور انکے احباب کو
## ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین
## ایم کیو ایم انسانیت کی خدمت کے اس مثالی منصوبے میں بھرپور تعاون کرے گی۔ الطاف حسین

لندن۔۔۔13، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک کے ممتاز اینکر اور سینئر صحافی مبشر لقمان کی جانب سے ''میڈیسن بینک'' کے قیام کے منصوبے کا زبردست خیرمقدم کیا ہے۔ اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ ایک بہترین اسکیم ہے جس کے ذریعے وہ غریب ومحروم لوگ جن کے پاس علاج کیلئے دوائیں خریدنے کے پیسے نہیں ہیں وہ اس میڈیسن بینک سے مفت دوائیں حاصل کرسکیں گے۔ جناب الطاف حسین نے اس منصوبے کو عوامی خدمت کی ایک بہترین اسکیم قرار دیتے ہوئے مبشر لقمان اور انکے تمام احباب کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین اور شاباش پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم انسانیت کی خدمت کے اس مثالی منصوبے میں بھرپور تعاون کرے گی۔

## اسلام آباد کے صحافیوں کے وفد کا ایم کیو ایم کے مرکزی دفتر میں رابطہ کمیٹی سے ملاقات اور شعبہ جات کا دورہ

کراچی۔۔۔13، فروری 2010ء

کراچی کے دورے پر آئے ہوئے اسلام آباد کے مختلف چینلز اور اخبارات سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کے ایک تیرہ رکنی وفد نے ہفتے کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے صدر دفتر خورشید بیگم میموریل کا دورہ کیا اور رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر محمد فاروق ستار اور انیس احمد قائمخانی سمیت دیگر ارکان رابطہ کمیٹی سے ملاقات کی اور ایم کیو ایم کے مختلف تنظیمی شعبہ جات کا دورہ کرکے باہمی دلچسپی کے امور پر معلومات حاصل کیں۔ اس سے قبل وفد رابطہ کمیٹی کے دفتر پہنچا تو رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون، کنور خالد یونس، وسیم آفتاب، قومی اسمبلی میں حق پرست پارلیمانی گروپ کے ڈپٹی پارلیمانی حیدر عباس رضوی، سندھ اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر روحق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری کے علاوہ ایم کیو ایم کی سینٹرل انفارمیشن سیل کے جوائنٹ انچارجز سیف عباس اور قمر منصور نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ صحافیوں کے وفد میں نیوز ون ٹی وی کی غزالہ نورین، دنیا کے ٹی وی کے شاکر سولنگی، الشرق کے اظہر چوہدری، ڈان نیوز کی نوشین یوسف، ایکسپریس نیوز کے احمد منصور، نوائے وقت کے راجہ عثمان طاہر، اے آر وائی نیوز کے زائد حسین مشوانی، سماء ٹی

وی کے شکیل احمد قرار، جیوٹی وی کے فیاض راجہ، آج ٹی وی کے وسیم اختر، وقت نیوز کے صابر شاکر اور نمائندہ امن اخبار اسلام آباد زاہد ملک اور منیر بھی شامل تھے۔صحافیوں کے وفد نے خورشید بیگم میموریل ہال میں واقع ایم کیوایم کے تنظیمی دفاتر بشمول ایم پی اے ہاسٹل میں واقع نیوز روم، ویڈیو سیکشن، فوٹو سیکشن اور سینٹرل انفارمیشن سیل کا بھی تفصیلی دورہ کیا اور ضروری معلومات کی اور روزمرہ کے کاموں کا تنظیمی طریقے کار اور ایم کیوایم کے مثالی نظم وضبط کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔صحافیوں کے وفد نے ایم کیوایم کے کمیونی کیشن اینڈ میڈیا مینجمنٹ ونگ کا بھی دورہ کیا اور یہاں رضا ہارون، حیدر عباس رضوی اور فیصل سبزواری نے وفد کو اس ونگ کی ورکنگ کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی۔اس موقع پر اسلام آباد کے صحافی بہت متاثر نظر آئے اور انہوں نے اسے میڈیا کی دنیا میں ایک انہونی روایت قرار دیا۔بعدازاں صحافیوں کے وفد نے ایم کیوایم فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر اور وہاں قائم اسپتال کا بھی تفصیلی دورہ کیا۔انہوں نے وہاں فاؤنڈیشن کے رضاکاروں کی جانب سے جاری فلاحی سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور اس حوالے سے ضروری معلومات حاصل کیں۔

## الطاف حسین کی تعلیمات کی مطابق متحدہ افہام وتفہیم کی سیاست پر عمل پیرا ہے، شاہد لطیف

کراچی۔۔۔13، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ افہام وتفہیم کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ افہام وتفہیم کا درس دیا اور ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں رہتے ہوئے کام کیا۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے گزشتہ روز ناظم آباد سیکٹر کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن شکیل، ناظم آباد گلبہار سیکٹر کمیٹی کے اراکین، مختلف یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔شاہد لطیف نے کارکنان سے اپنے خطاب میں کہا کہ تمام کارکنان افہام وتفہیم کی پالیسی کو مزید بہتر بنانے کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر عمل کریں اور آپس میں لڑانے کی سازشیں کرنے والے عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔انہوں نے جہلم کے موقع پر جناح اسپتال میں خون کے عطیات دینے کیلئے جمع ہونے والے یوسی ناظم سمیت 7 کارکنان کی بم دھماکہ میں شہادت پر تمام شہداء کو زبردست خراج عقیدت وسلام عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ کارکنان قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق سیاست برائے خدمت کا عملی مظاہرہ کریں سازشی عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔

## ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے زیراہتمام عوامی رابطہ مہم ورکنیت سازی مہم 14، فروری بروز اتوار سے شروع کی جائے گی
## لندن کے علاوہ برطانیہ کے مختلف شہروں میں بھی رکنیت سازی مہم کے پروگرام ترتیب دیئے گئے ہیں

لندن۔۔۔13، فروری 2010ء

ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے زیراہتمام عوامی رابطہ مہم ورکنیت سازی مہم 14، فروری بروز اتوار سے شروع کی جائے گی۔یہ مہم ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آفس واقع 291، برنٹ اوک براڈوے، ایجویئر HA8 5ED سے شروع کی جائے گی جبکہ ایم کیوایم برطانیہ کے مانچسٹر، برمنگھم، شیفیلڈ، پیٹرزبرگ، کوونٹری، سلاؤ، ایسٹ لندن، ساؤتھ آل، ریڈنگ، ٹوٹنگ اور ویمبلے یونٹ میں بھی عوامی رابطہ مہم ورکنیت سازی مہم کے پروگرام ترتیب دیئے گئے ہیں۔دریں اثناء ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے ایم کیوایم میں شمولیت کے خواہشمند افراد سے اپیل کی کہ وہ ایم کیوایم میں شمولیت کیلئے اپنے اپنے متعلقہ یونٹوں سے رابطہ قائم کرکے رکنیت فارم حاصل کریں۔مزید معلومات کیلئے ایم کیوایم یوکے یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش کے فون نمبر 07832246290 اور جوائنٹ آرگنائزر رفیق احمد کے فون نمبر 07529341391 یا ایم کیوایم یوکے کی ویب سائٹ www.mqmuk.com پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

## نامور ایٹمی سائنسدان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے بھائی ڈاکٹر عبدالقیوم خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔13 فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نامور ایٹمی سائنسدان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے بھائی ڈاکٹر عبدالقیوم خان کے انتقال پر گہرے افسوس اور دکھ کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر عبدالقدیر خان سمیت مرحوم کے دیگر سوگوار لواحقین کے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے۔انہوں نے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## 16اور15فروری کواے پی ایم ایس او کے تحت پیغام امن، شہدائے حق اور کاررواں حق کرکٹ ٹورنامنٹ منعقد ہوں گے
## پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح 16فروری کو شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم رضا صدیقی کریں گے
## شہدائے حق کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح 15فروری کو سہ پہر 3 بجے جناح پولی ٹیکنکل انسٹی ٹیوٹ میں ہوگا
## کاررواں حق کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح بھی 15فروری کو صبح دس بجے فاؤنڈیشن کالج کشمیر روڈ پر کیا جائے گا
## ٹورنامنٹوں میں مجموعی طور پر 156 ٹیموں کے درمیان مقابلہ ہوگا

کراچی۔۔۔13، فروری 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے زیراہتمام جامعہ کراچی میں پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ، اے پی ایم ایس او سیکٹر بی کے تحت دوسرا شہدائے حق کرکٹ ٹورنامنٹ اور اے پی ایم ایس او سیکٹر ایف کے تحت کاروان حق کرکٹ ٹورنامنٹ منعقد کئے جارہے ہیں۔تفصیلات کے مطابق اے پی ایم ایس او جامعہ کراچی سیکٹر کے تحت 16 فروری بروز منگل کو صبح دس بجے ویلکا گراؤنڈ جامعہ کراچی میں پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ منعقد ہوگا جس کا باقاعدہ افتتاح شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم رضا صدیقی کریں گے۔ پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ میں جامعہ کراچی کے 28 شعبہ جات پر مشتمل 128 کرکٹ ٹیمیں حصہ لیں گے جبکہ اے پی ایم ایس او سیکٹر بی کے تحت دوسرا شہدائے حق کرکٹ ٹورنامنٹ 15 فروری پیر کو سہ پہر 3 بجے جناح پولی ٹیکنکل انسٹی ٹیوٹ میں ہوگا جس میں کراچی کے مختلف کالجوں کی 16 ٹیمیں حصہ لیں گے اس کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور ٹاؤن ناظمین کریں گے اسی طرح اے پی ایم ایس او سیکٹر ایف کے تحت کاروان حق کرکٹ ٹورنامنٹ 15 فروری پیر کو فاؤنڈیشن کالج کشمیر روڈ پر صبح دس بجے منعقد ہوگا جس کا افتتاح حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کریں گے۔ کاررواں حق کرکٹ ٹورنامنٹ میں شہر کے مختلف کالجوں کی 12 ٹیموں کے درمیان مقابلہ ہوگا۔

## گولارچی کے مقام پر بدین سے کراچی آنے والی ڈاٹسن اور بس میں خوفناک تصادم کے باعث
## متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔13، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گولارچی کے مقام پر بدین سے کراچی آنے والی ڈاٹسن اور بس میں ہونے والے خوفناک تصادم کے باعث متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆